© rasailojaraid.com

فہرست مسؤلین برائے امتحانات (اسلام آباد/آزاد کشمیر)

نمبر شمار	نام مسؤلین	الحاق نمبر	نام مدرسہ	ایڈریس	کوڈ	دفتر	فیکس	موبائل	متعلقہ علاقہ
01	مولانا ظہور احمد علوی صاحب	00022	جامعہ محمدیہ	سیکٹر ایف سکس فور زیرو چونسٹھ چوک، اسلام آباد	051	2273998		0300-9723236	اسلام آباد
02	مولانا قاضی محمود الحسن صاحب	02246	دار العلوم الاسلامیہ	سول سیکرٹریٹ چھتر دومیل، مظفر آباد	058810	32502 32538	32130	0300-2187329 0333-5124874	آزاد کشمیر

فہرست مسؤلین برائے امتحانات (بلوچستان)

نمبر شمار	نام مسؤلین	الحاق نمبر	نام مدرسہ	ایڈریس	کوڈ	دفتر	فیکس	موبائل	متعلقہ علاقہ
01	مولانا عبداللہ جان صاحب	00194	جامعہ اسلامیہ مخزن العلوم	شاہ کاریز معرفت جان ہوٹل سنٹر اڈا بازار ژوب روڈ، لورالائی	0824	501222	...	0334-2410652	ژوب ڈویژن
02	مولانا قاری عبدالرحمٰن صاحب	00097	جامعہ عربیہ دار القرآن	معرفت مدرسہ عائشہ للبنات ڈاکخانہ کرخ، خضدار	0848	431100		....	خضدار، آوران
03	مولانا مولا بخش صاحب	05238	مدرسہ عربیہ صدیقیہ	جامع مسجد، مستونگ	0843	895207		0301-3787977	قلات، مستونگ، خاران
04	مولانا مفتی احتشام الحق صاحب	00047	جامعہ رشیدیہ	آسیہ آباد، تربت	0852	320351-2	..	0300-2201204	مکران ڈویژن
05	مولانا عطاء اللہ صاحب	00031	جامعہ اسلامیہ مفتاح العلوم	فیض آباد تحصیل کاریزات، پشین	0826	500347		0300-3877836	پشین/زیارت
06	مولانا مفتی صلاح الدین صاحب	03044	دار العلوم چمن	صفہ ٹاؤن پوسٹ بکس نمبر 2 چمن پوسٹ کوڈ نمبر 8600 قلعہ عبداللہ	0826	614800	......	0304-8001111 0300-3871110	قلعہ عبداللہ
07	مولانا خیر محمد صاحب	00176	جامعہ مطلع العلوم	بروری روڈ، کوئٹہ	081	2830425 2853118	...	0333\7912995	کوئٹہ/ چاغی
08	مفتی کفایت اللہ صاحب	00216	دار العلوم بھاگ	دار العلوم بھاگ ناڑی، بولان	0832	400113	400065	.	نصیر آباد ڈویژن/کچھی

فہرست مسؤلین برائے امتحانات (پنجاب)

نمبر شمار	نام مسؤلین	الحاق نمبر	نام مدرسہ	ایڈریس	کوڈ	دفتر	فیکس	موبائل	متعلقہ علاقہ
01	مولانا عطاء الرحمٰن صاحب	00286	جامعہ دار العلوم مدنیہ	ماڈل ٹاؤن بی، بہاولپور	062	2883363 2889881	......	0300 6889896	بہاولپور/ بہاولنگر
02	مولانا نعیم احمد عباسی صاحب	00572	جامعہ عربیہ رحیمیہ ترتیل القرآن	پوسٹ بکس نمبر 7 مرکزی عیدگاہ، رحیم یار خان	068	5875213	......	0300-8740313	رحیم یار خان
03	مولانا مفتی خالد محمود صاحب	07805	جامعہ قاسمیہ	قاسم ٹاؤن مدنی چوک نزد گیلانی نمبر ۱ مارکیٹ پوسٹ بکس نمبر 25	064	2023308	... ...	03087513351 03338563546	ڈیرہ غازی خان/ راجن پور
04	مولانا عبدالمجید صاحب	00958	جامعہ قاسمیہ شرف الاسلام	چوک سرور شہید ایم ایم روڈ تحصیل کوٹ ادو، مظفر گڑھ	066	2210849 2210048		0300-4040649	مظفر گڑھ/ لیہ
05	مولانا قاضی عبدالرشید صاحب	00541	مدرسہ دار العلوم فاروقیہ	قائد اعظم کالونی دھمیال روڈ، راولپنڈی	051	5575809 5676378	... ...	0300-5121713	راولپنڈی
06	مولانا مفتی عبدالرحمٰن صاحب	07782	مدرسہ دار القرآن والحدیث للدراسات	جامع مسجد توکل ابراہیم گرشی صدر روڈ مومن پورہ، راولپنڈی	051	5535786	......	0300 5392432	راولپنڈی (برائے حفظ)
07	مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب	00644	جامعہ مفتاح العلوم	چوک سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک اے، سرگودھا	048	3213297 3220758	3212111	0300-9600464 0321-6006247	سرگودھا ڈویژن
08	مولانا مفتی نذیر احمد شاہ صاحب	00735	جامعہ فاروق اعظم	ڈاکخانہ غلام محمد آباد رشید آباد جھنگ روڈ فیصل آباد	041	2652244 2658061	. .....	....	فیصل آباد
09	مولانا قاری محمد نعیم صاحب	00737	جامعہ دار القرآن	مسلم ٹاؤن آفیسرز بلاک نزد لور پور عقب کریسنٹ فیصل آباد	..	.....	....	0300-6606434	فیصل آباد (برائے حفظ)
10	مولانا قاری محمد انور صاحب	00373	جامعہ دار العلوم ربانیہ	بستی میاں مسلمین ڈاکخانہ چک نمبر 256 گ ب چلو، ٹوبہ ٹیک سنگھ	0462	540614-15	......	0301-7282257	ٹوبہ ٹیک سنگھ
11	مولانا عبدالرحیم صاحب	00401	جامعہ محمودیہ	گوجرہ روڈ، جھنگ صدر	047	7613394	...	0300-6503351	جھنگ
12	مولانا محمد نعیم اللہ صاحب	00815	مدرسہ اشرف العلوم	محلہ باغبانپورہ حافظ آباد روڈ، گوجرانوالہ	055	4210401 4238064		0321-6436035	گوجرانوالہ/ حافظ آباد
13	مولانا قاری محمد اسرار احمد قاسمی صاحب	00826	جامعہ قاسمیہ	قاسم ٹاؤن سیٹلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ	055	4256643		... ..	گوجرانوالہ (برائے حفظ)
14	مولانا قاری ارشاد اللہ صدیقی صاحب	01098	جامعہ نور الھدیٰ	محلہ صوفی پورہ منڈی بہاؤالدین	0456	503842	.	.. ...	منڈی بہاؤالدین/ گجرات
15	مولانا محمد فیروز خان صاحب	00687	دار العلوم مدنیہ	نسبت روڈ ڈسکہ کلاں، سیالکوٹ	04341	612636-7	..	0300-6426406 0300-7415579	سیالکوٹ/ نارووال
16	مولانا محمد یوسف خان صاحب	00870	جامعہ اشرفیہ	فیروز پور روڈ مسلم ٹاؤن، لاہور	042	5880500 5838664	5850485	0333-4281660	لاہور/ شیخوپورہ
17	مولانا مفتی غلام محمود صاحب	00258	جامعہ محی الاسلام عثمانی	جامع مسجد عثمان غنی غلہ منڈی، اوکاڑہ شہر	0442	523899	.	....	اوکاڑہ/ ساہیوال
18	مولانا عبدالمجید صاحب	00886	جامعہ اسلامیہ باب العلوم	خیر پور روڈ تحصیل وڈاکخانہ کہروڑ پکا، لودھراں	0608	342854 342983	.....	0300-6849215	لودھراں/ وہاڑی/ پاکپتن
19	مولانا محمد نواز صاحب	01031	جامعہ قادریہ حنفیہ	عقب صادق آباد ٹیکسٹائل ملز خانیوال روڈ، ملتان	061	6740087	.....	0300-6335484	ملتان
20	مولانا عبدالمتین صاحب	00233	جامعہ جابر بن عبداللہ	گاؤں وڈاکخانہ نرتوپہ تحصیل حضرو، اٹک	.	.	...	0300-5255718	اٹک
21	قاری شعیب احمد عمر صاحب	00428	جامعہ حنفیہ تعلیم الاسلام	مدنی محلہ، جہلم	0541	628445	....	0321-8511856	جہلم/ چکوال
22	قاری مشتاق احمد صاحب	00784	جامعہ رحیمیہ ترتیل القرآن	نظام پورہ روڈ حضرت ایوایوب انصاری ٹاؤن بھر پورہ، قصور	0492	764854	......	0300-8890882	قصور
23	مولانا ارشاد احمد صاحب	00453	جامعہ دار العلوم عیدگاہ	تحصیل کبیر والا، خانیوال	065	2411701 2410451	....	0300-7891475	خانیوال

فہرست مسؤلین برائے امتحانات (سرحد)

نمبر شمار	نام مسؤلین	الحاق نمبر	نام مدرسہ	ایڈریس	کوڈ	دفتر	فیکس	موبائل	متعلقہ علاقہ
01	مولانا سید عبدالصمد شاہ صاحب	01184	جامعہ المرکز الاسلامی	سادات حافظ خیل ڈیرہ روڈ پوسٹ بکس نمبر 33، بنوں	0928	331351-3	....	0301-8074610	بنوں
02	مولانا عطاء اللہ شاہ صاحب	01309	جامعہ المعارف الشرعیہ	بنوں روڈ نزد ٹائر پورٹ ڈاکخانہ شورکوٹ تحصیل پہاڑ پور ڈیرہ اسماعیل خان	0966	740666		0320-5362681	ڈیرہ اسماعیل خان/ ٹانک (برائے درجہ کتب)
03	مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب	01214	جامعہ عثمانیہ	عثمانیہ کالونی نوتھیہ روڈ پوسٹ بکس نمبر 1209، پشاور صدر	091	273561	... ...	0333-9121826	پشاور/ خیبر ایجنسی
04	مولانا انوار الحق صاحب	01573	دار العلوم حقانیہ	ڈاکخانہ اکوڑہ خٹک، نوشہرہ	0923	630435 630341	......	0333-9104192	نوشہرہ
05	مولانا حاجی محمد نعیم صاحب	02675	مدرسہ دار القرآن الکریمہ	درشخیلہ بالا تحصیل مٹہ، سوات	0946	796146 785239	..	0301-2245138	مالاکنڈ ڈویژن، سوات
06	مفتی کفایت اللہ صاحب	01523	مدرسہ تعلیم القرآن	[illegible] ڈاکخانہ مانسہرہ، مانسہرہ	0997	350222 351122	...	0300-9119299	مانسہرہ/ کوہستان
07	مولانا عطاء اللہ شہاب صاحب	02261	جامعہ اسلامیہ [illegible] الاسلامی	[illegible]	[illegible]	52507 54155	51689		گلگت/ سکردو/ دیامر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فہرست مضامین

صدائے وفاق

زیبا میں تقریب ختم بخاری .... شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان ۔ ۳

مقالات و مضامین

امامت کبریٰ .... مولانا قاری محمد حنیف جالندھری ۸

وفاق المدارس کے لئے دارالعلوم کراچی کا شرف میزبانی ... ڈاکٹر سیف الرحمٰن ۱۳

بہترین استاد کی خوبیاں اور ذمہ داریاں .... مولانا انوار الحق صاحب ۱۶

تقسیم اسباق وکتب کے چند اُصول .... مفتی شکیل احمد ۲۵

عید کیا ہے؟ .... مولانا محمد عمیر صدیقی ۲۹

پریشانیوں کا علاج .... مولانا احسان شائق ۳۵

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا مقدمہ ۴۰

علوم حدیث میں مہارت - ایک بڑی ضرورت .... عبدالسلام ۴۳

کارگزاری وفاق

وفاق المدارس کے سالانہ امتحانات کے اجمالی نتائج .... ادارہ ۴۴

تعارف وتبصرہ

تبصرۂ کتب .... ع۔ غ۔ ....

☆☆......☆☆

کمپوزنگ: عرفان انور مغل

[redacted]

سالانہ بدل اشتراک: بیرون ممالک (امریکہ، آسٹریلیا، جنوبی افریقہ اور یورپی ممالک ۳۰ ڈالر، سعودی عرب، انڈیا اور متحدہ عرب امارات وغیرہ ۲۳ ڈالر، ایران، بنگلہ دیش ۲۰ ڈالر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

صدائے وفاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زمبیا میں تقریب ختم بخاری شریف

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب

31 جولائی 2008ء کو کراچی سے جنوبی افریقہ کے لیے روانہ ہوئے۔ اگست کی پہلی تاریخ کو زمبیا پہنچے۔ جہاں پر دارالحکومت لوساکا میں قائم ''جامعہ اسلامیہ لوساکا'' کی تقریب ختم بخاری شریف میں شرکت کرنی تھی۔ حضرت مولانا امداد اللہ صاحب (استاذ جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی) کی تحریک پر ''جامعہ اسلامیہ لوساکا'' کی طرف سے شرکت کی دعوت آئی تھی، مولانا امداد اللہ صاحب کے علاوہ حضرت مولانا عبید اللہ خالد صاحب بھی رفیق سفر تھے۔ دارالعلوم آزادوِل جنوبی افریقہ سے مولانا حسن صاحب اور دارالعلوم زکریا سے مفتی محمد علی بھوپالی صاحب بھی پروگرام میں شرکت کے لیے پہنچے تھے۔ دونوں حضرات کے بیانات بھی ہوئے۔

''زمبیا'' افریقہ میں ''انگولا'' کے شمال میں واقع ملک ہے، جس کا مجموعی رقبہ پاکستان سے کچھ کم ہے۔ 24 اکتوبر 1964ء کو برطانوی استعمار سے آزادی ملی۔ موزمبیق، ملاوی، زمبابوے، بوٹسوانا اور تنزانیا پڑوس میں واقع ہیں۔ صوبوں کی تعداد 9 ہے، 2002ء میں جو مردم شماری ہوئی تھی اس کے مطابق یہاں آبادی کی تعداد 945000 (نو لاکھ پینتالیس ہزار) ہے۔

چوتھی صدی ہجری سے یہاں مسلمانوں کے آباد ہونے کا ذکر کیا جاتا ہے، اس کے علاوہ ابوسعید نامی ایک عالم کا بھی تاریخ میں ذکر ملتا ہے جو بنو امیہ کے دور میں یہاں اسلام کی دعوت لے کر آئے تھے۔ اور یہ بات تو عام ہے کہ ابتدا میں اسلام کی دعوت یہاں بھی دوسرے افریقی ممالک کی طرح مسلمان تاجروں ہی کے ذریعہ عام ہوئی ہے۔ آج بھی گجرات کے مسلمان تاجر یہاں دین کی رونقیں بحال کیے ہوئے ہیں۔

چوں کہ برطانوی استعمار کے زیر اثر رہے ہیں۔ اس لیے انگریزی زبان یہاں بھی سرکاری دفاتر میں قبضہ جمائے ہوئی ہے۔ اگرچہ مقامی سطح پر دوسری بولیاں موجود ہیں۔ قانونی مسودہ بھی برٹش قانون سے تیار کیا گیا ہے، 2 اگست 1991ء کو نئی آئین سازی ہوئی۔ نظام حکومت جمہوری ہے۔ الیکشن کے ذریعہ صدر کا انتخاب ہوتا ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۔نائب صدر کا تقرر صدر کی صوابدید پر ہوتا ہے، مئی 2001ء میں انتخابات ہوئے تھے۔19 اگست 2008ء کو اس کا دورانیہ ختم ہوا، حالیہ دنوں میں انتخابی مہم جاری ہے۔

''زمبیا'' کی عام آبادی سیاہ فام ہے، مگر خوشی کی بات یہ ہے کہ مقامی غیر مقامی کا کوئی تعصب نہیں۔ رنگ ونسل کی بنیاد پر کوئی فرق نہیں رکھا جاتا، یہاں ایک آبشار کے بارے میں بتایا گیا جس کا شمار دنیا کے عجائبات میں ہوتا ہے۔''وکٹوریہ فول'' نامی یہ آبشار دارالحکومت ''لوساکا'' سے 34 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔شہری آبادی میں تعلیم کی شرح نوے فیصد ہے۔سرکاری اداروں میں ادائیگی فیس برائے نام ہے۔مشینری کارخانے موجود نہیں، پٹرول اور گیس کی بھی پیداوار نہیں، اس وقت پٹرول کی قیمت 170 ایک سو ستر روپے فی لیٹر ہے۔

دوسو ایکڑ پر ایک ''اسٹیل مل'' بنایا جارہا ہے، 50 ملین ڈالر اس کا تخمینہً لاگت ہے۔تقریباً تین ارب پچاس کروڑ روپیہ۔''مل'' میں استعمال ہونے والی تمام مشینیں انڈیا سے درآمد کی گئی ہیں۔ایک سو پچاس انجینئر بھی کام کرنے کے لیے انڈیا سے لائے گئے ہیں جو تمام ہندو ہیں، کچھ سکھ اور پانچ چھ مسلمان بھی ہیں۔اس ''مل'' میں چھ سو مقامی مزدور کام کررہے ہیں۔آئندہ سال سے مال کی تیاری شروع ہوگی۔

یہاں کے سیاہ فام لوگوں کے بارے میں بتایا گیا کہ ان کا خاندانی نظام بڑا مستحکم ہے، مہمان نوازی میں بھی بڑی فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہیں، تجارت پر گجراتی حضرات کا کنٹرول ہے، ملک کی آزادی کے بعد مسلمانوں کے تجارت وکاروبار کے لائسنس ختم کردیے گئے تھے۔ان حضرات نے مرکز ''نظام الدین دہلی'' کو اس کی اطلاع دی تو مرکز کے بزرگوں نے مشورہ دیا کہ ''پہلے آپ لوگ دنیوی تجارت کو مقصد بنا کر وہاں آباد ہوئے تھے، اب جب اس کا راستہ بند ہوگیا تو اخروی تجارت کو مقصد بنا کر وہاں رہیں اور دین کی تعلیم وتبلیغ کو مقصد بنائیں۔'' ان حضرات نے اس کا خیال رکھا۔وہ پابندی بھی ختم ہوگئی، اب اللہ کے فضل وکرم سے دین ودنیا کی تجارت ہورہی ہے۔

''لوساکا''''زمبیا'' کا دارالحکومت ہے۔یہاں پر مصلوں سمیت مساجد کی تعداد کل 33 ہے۔''جامعہ اسلامیہ لوساکا'' کے علاوہ ایک بڑا مدرسہ ''چپاٹا'' میں بھی ہے ''معہد الرشید الاسلامی'' نام ہے۔جو حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کا قائم کردہ ہے، مولانا عبدالرحیم متالا صاحب اس کے مہتمم ہیں۔

''جامعہ اسلامیہ لوساکا'' اپنی نوعیت کا منفرد مثالی ادارہ ہے، جس کی تعلیمی بالخصوص دعوتی وتربیتی سرگرمیاں تمام اہل مدارس کے لیے قابل رشک ہیں۔مہتمم مولانا محمد یوسف صاحب ہیں، 1999ء میں ''تحفیظ القرآن الکریم'' سے مدرسے کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔بعد میں درجات کتب کا بھی اضافہ کیا گیا اور دوسرے شعبے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بھی قائم ہوئے، اس وقت درس نظامی پڑھنے والے طلبہ کی تعداد اسی اور تحفیظ کی چالیس ہے، پانچ طلبہ دورۂ حدیث شریف میں شریک تھے۔ جن کی اس سال دستار بندی ہوئی، درجہ کتب میں بیس اساتذہ پڑھا رہے ہیں، جب کہ تحفیظ میں پانچ استاد خدمات انجام دے رہے ہیں۔

جامعہ میں ایک ''دارالافتا'' بھی قائم ہے، جہاں سے عامۃ الناس کی صحیح اسلامی بنیادوں پر رہنمائی کی جاتی ہے، نشر واشاعت کے لیے ایک مستقل شعبہ بھی کام کررہا ہے، عوامی تعاون سے اخراجات کا انتظام کیا جاتا ہے، صاحب استطاعت طلبہ اپنا خرچہ خود برداشت کرتے ہیں اور جو طلبہ نادار ہوتے ہیں ان کا خرچ ادارے کے ذمہ ہوتا ہے۔

طلبہ کی اکثریت ''لوساکا'' کی ہے، کچھ زمبیا کے دوسرے شہروں کے بھی ہیں۔ جب کہ زمبابوے، ملاوی، موزمبیق، جنوبی افریقہ، تنزانیہ، کینیا، صومالیہ، سوڈان، ملیشیا، نیپال، تاجکستان، انڈیا، سینیگال اور انگلینڈ سے تعلق رکھنے والے طلبہ بھی یہاں تعلیم حاصل کرنے کے لیے آتے ہیں۔

سولہ ایکڑ اراضی پر ''جامعہ اسلامیہ'' کی نئی عظیم الشان تعمیر کا سلسلہ جاری ہے، بنات کے لیے بھی باقاعدہ تعلیم وتربیت کا آغاز آئندہ عنقریب کیا جائے گا، فی الحال موجودہ عمارت کے ایک حصہ کو بنات کی تعلیم کے لیے اور دوسرے حصہ کو شفا خانے کے طور پر استعمال کرنے کی تجویز ہے۔

جامعہ کی طرف سے ماکولات کے سلسلہ میں حلال وحرام کی نگرانی کا نظم قائم ہے۔ مرغیوں اور گائے وغیرہ کے ذبیحہ کی نگرانی کی جاتی ہے، تاکہ حرام سے حفاظت ہو۔ ریستوران میں بھی حلال وحرام کے متعلق نظر رکھی جاتی ہے۔ فیکٹریوں میں جہاں اشیائے خورد ونوش تیار ہوتی ہیں وہاں بھی حرام سے بچنے کے لیے نگرانی کی جاتی ہے۔

نگرانی کا انتظام ان اداروں میں ہوتا ہے جو خود جامعہ اسلامیہ کو نگرانی کی درخواست دیتے ہیں۔ نگرانی کے لیے عملہ فراہم کیا جاتا ہے، جو تیار مال کے لیے ''حلال'' کا سرٹیفکیٹ جاری کرتا ہے۔ نگران عملے کو تنخواہ بھی جامعہ کے توسط سے متعلقہ اداروں کی طرف سے دی جاتی ہے۔ اس احتیاط کا یہ اثر ہوا ہے کہ تقریباً ہر فیکٹری، مسلم ہو یا غیر مسلم، اس بات کی کوشش کرتی ہے کہ جامعہ کی طرف سے ان کی نگرانی کی جائے، کیوں کہ لوگ ''حلال'' کے سرٹیفکیٹ کے بغیر ان کا مال نہیں اٹھاتے۔

یہ کام صرف ''زمبیا'' میں تیار کی جانے والی چیزوں تک محدود نہیں، جب کہ دوسرے ممالک سے بھی جو اشیائے خورد ونوش درآمد کی جاتی ہیں اس کے بارے میں بھی جامعہ کے دارالافتا سے اجزا بتا کر پوچھا جاتا ہے کہ وہ حلال ہیں یا حرام! جامعہ کے فیصلہ پر عمل بھی کیا جاتا ہے، اللہ کرے کہ اس طرح کا پاکیزہ نظام ہر جگہ قائم ہو جائے

© rasailojaraid.com